مشاورت
اور رہنمائ

ان 18 سال سے کم عمر والے نوجوانوں کے لیے جو عصمت دری یا دوسرے جنسی تشدد سے دوچار ہوئے ہیں

ANKLAGEMYNDIGHEDEN

محکمہ استغاثہ

مشمولات

یہ کتابچہ آپ کے لیے ہے جو جنسی تشدد سے دوچارہوئے ہیں

جب آپ عصمت دری یا دوسرے جنسی تشدد کا کیس دائر کرتے ہیں تو پولیس آپ کو بتائ گی کہ کیا ہو گا ۔ آپ کو یہ بھی بتایا جائے گا کہ کیس کے دوران آپ کی کون مدد کرے گا

جو کچھ پولیس آپ کو بتائ گی اسے یاد رکھنا مشکل ہو سکتا ہے ۔ اس لیے آپ کو یہ کتابچہ دیا جا رہا ہے جس میں کچھ وہی امور درج ہیں جس کے بارے میں پولیس نے آپ کو بتایا ہے ۔ مثلا

- آپ مفت وکیل حاصل کر سکتے ہیں (امدادی وکیل)
- پولیس کے ہاں آپ کو ایک رابطہ فرد مہیا کیا جائے گا
- آپ نے پولیس کو بتانا ہے کہ کیا ہوا
- ممکن ہے کہ ڈاکڑ نے آپ کا معائنہ کرنا ہو
- ممکل ہے کہ آپ نے عدالت میں گواہی دینی ہو
- آپ ہرجانے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں
- آپ کئ جگھوں پر مدد کی درخواست دے سکتے ہیں

آپ مفت وکیل حاصل کر سکتے ہیں

آپ کا حق ہے کہ آپ مفت وکیل حاصل کریں جو پورے کیس کے دوران آپ کی مدد کر سکے ۔ اسے امدادی وکیل کہتے ہیں

یہ عدالت ہے جو آپ کے لیے وکیل تلاش کرے گی ۔ اگر آپ خود ایک وکیل کو جانتے ہیں جسے آپ چاہتے ہیں تو آپ پولیس کو بتائیں

امدادی وکیل پورے کیس کے دوران آپ کی مدد کر سکے گا، یعنی:

- پولیس کا کیس پر تفتیش کرنے کے دوران
- جب آپ کی بازپرس ہو گی
- اگر عدالت میں کیس جائے
- اگر آپ نے ہرجانہ لینا ہے

پہلی بار جب پولیس آپ سے بازپرس کرے گی اس سے قبل آپ عموما امدادی وکیل سے بات کر سکتے ہیں ۔ لیکن ممکن ہے کہ امدادی وکیل کے آنے سے قبل پولیس کو آپ سے کچھ سوالات کرنے پڑیں

پولیس کے ہاں آپ کو ایک رابطہ فرد مہیا کیا جائے گا

پولیس آپ کو اپنے ہاں ایک رابطہ فرد کا نام اور ٹیلیفون نمبر دے گی ۔ اگر سوالات ہوں یا کیس پر گفتگو کرنے کی ضرورت ہے تو آپ رابطہ فرد سے ٹیلیفون کر سکتے ہیں

رابطہ فرد یا تو پولیس کا اہکار ہوتا ہے یا ایک وکیل استغاثہ ہوتا ہے

Konfliktråd
تنازعات کو رفع کرنے کا بورڈ
کچھ کیسز میں آپ تنازعات کو رفع کرنے کے بورڈ میں حصہ لینے کا انتخاب کر سکتے ہیں ۔ یہ آپ اور مجرم کے مابین میٹنگ ہوتی ہے جہاں آپ، ایک ثالثی کے ہمراہ، پرمحفوظ ماحول کے دوران وقوعہ کے حوالے سے، مجرم سے گفتگو کر سکتے ہیں

آپ اور مجرم کی مرضی ہے کہ آپ میٹنگ میں حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں ۔ میٹنگ کے دوارن ایک ثالثی ہو گا

صرف ان کیسز میں تنازعات کو رفع کرنے کے بورڈ کی تشکیل ہو سکتی ہے جہاں مجرم نے اپنا جرم قبول کیا ہو

www.konfliktraad.dk پرمزید پڑھیں یا پولیس سے مواقع کے بارے میں پوچھیں

پولیس نے آپ کا بیان سننا ہے

یہ پولیس کا کام ہے کہ وہ آپ کے کیس کی تفتیش کریں، یعنی معلوم کرنا کہ:

- کیا ہوا
- کیا یہ سزاوار ہے
- کس نے عمل کیا ہے

عموما پولیس آپ سے گفتگو کر کے آغاز کرتی ہیں ۔ اسے بازپرس کہتے ہیں ۔ یہ پولیس سٹیشن پر واقع ہوتا ہے ۔ عموما صرف آپ اور پولیس کا اہلکار کمرے میں ہوں گے لیکن امدادی وکیل اوربلدیہ سے ایک نمائندہ بھی موجود ہو سکتا ہے ۔ جو آپ بتائیں گے پولیس کا اہلکار وہ لکھ لیتا ہے

پولیس ان دوسرے افراد کی بازپرس بھی کرتے ہیں جو کیس کو جانتے ہیں

ممکن ہے کہ ڈاکٹر نے آپ کا معائنہ کرنا ہو

آپ کی مرضی ہے کہ آیا آپ ڈاکٹر کے ہاں معائنہ کروانا چاہتے ہیں یا نہیں لیکن کچھ اوقات ثبوت کی یقین دھانی کے لیے یہ ضروری ہوتا ہے ۔ اگر ضرورت ہو کہ آپ کا معائنہ کیا جائے، تو پولیس آپ سے اس کے بارے میں گفتگو کرے گی

پولیس آپ اور آپ کے والدین سے اجازت لے گی کہ ایک ڈاکٹر آپ کا معائنہ کرے

اگر آپ نے عدالت میں گواہی دینی ہو

ایک عدالت تک کیس پہنچے تو آپ کو عدالت میں طلب کیا جاتا ہے ۔ یہاں آپ نے بیان دینا ہوتا ہے کہ کیا ہوا ۔ آپ اپنے امدادی وکیل کے ہمراہ آتے ہیں جو آپ کو بتا سکتا ہے کہ تمام امور کیسے سرانجام دیے جاتے ہیں اور آپ نے کیا کرنا ہے ۔ آپ دوسروں کو ساتھ لا سکتے ہیں سوائے ایسے افراد کے جنھوں نے کیس میں خود بیان دینا ہوتا ہے

کوئی ناظرین نہیں ہوتے

جب آپ نے بیان دینا ہوتا ہے کہ کیا ہوا تو عموما عدالتی کمرے میں صرف وہ افراد موجود ہو سکتے ہیں جن کا تعلق کیس سے ہے (دروازے بند کیے جاتے ہیں)
یعنی ناظرین نہیں ہوتے ۔ اس کا مطلب یہ بھی ہوتا ہے کہ جو بھی عدالت میں کہا جائے گا اسے کھلے عام دہرایا نہیں جا سکتا ۔ مثلا کوئی بھی فرد آخبار میں اس کے بارے میں لکھ نہیں سکتا یا ٹی وی میں دیکھا نہیں سکتا

یہ مشکل ہو سکتا ہے

عدالت میں آپ کے لیے اپنی آپ بیتی غیروں کے سامنے بیان کرنا مشکل ہو سکتا ہے ۔ آپ کا امدادی وکیل یا پولیس کا رابطہ فرد آپ کو سمجھا سکتے ہیں کہ آپ کے لیے یہ عمل کیسے تھوڑا آسان کیا جا سکتا ہے

جج مثلا فیصلہ کر سکتا ہے کہ جب آپ اپنا بیان دیں کہ کیا ہوا تو ملزم (مدعی علیہ) اس وقت عدالتی کمرہ چھوڑ دے ۔ یعنی دوران بیان وہ ایک دوسرے کمرے میں ہو گا/ گی

جب فوجداری کیس ختم ہو جائے

اگر مجرم کے خلاف فیصلہ ہو جائے تو آپ پولیس کو درخواست دے سکتے ہیں کہ سزا کاٹنے کے بعد جب مجرم آزاد ہو گا تو آپ کو اطلاع دی جائے ۔ اگر مجرم نے سزا کاٹنے کے بعد ایک آخبار، ٹی وی یا ریڈیو میں انٹرویو میں حصہ لینا ہے تو کچھ اوقات آپ کو اس کی اطلاع مل سکتی ہے ۔ آپ کے بچے کا امدادی وکیل یا پولیس آپ کو مواقع کے بارے میں مزید بتا سکتے ہیں

ہرجانے کا موقع

اگر آپ جنسی تشدد کا شکار ہوئے ہیں تو آپ ہرجانے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ۔ حکومت ہرجانہ ادا کرتی ہے اور آئندہ وہ مجرم سے مطالبہ کر سکتی ہے کہ وہ یہ رقم پوری کرے

آپ کا امدادی وکیل سمجھا سکتا ہے کہ یہ کیسے عمل میں آتا ہے اور عدالت میں آپ کے ہرجانے کے مطالبے کو پیش کرنے کے سلسلے میں مدد کر سکتا ہے

یہاں آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں

آپ کی بلدیہ
جنسی تشدد کی وجہ سے اگر آپ کو پشت پناہی کی ضرورت ہے تو بلدیہ اکثر مدد کر سکتی ہے ۔ آپ خود ٹیلیفون کر سکتے ہیں، اپنے والدین کو فون کرنے کا کہہ سکتے ہیں یا آپ ان دوسرے بالغ افراد کو کہہ سکتے ہیں جن پر آپ بھروسہ کرتے ہیں کہ وہ بلدیہ سے رابطہ کرے

ذاتی ڈاکٹر
کچھ اوقات ذاتی ڈاکٹر بھی آپ کو ماہرنفسیات کے ہاں رجوع کرنے کا کہہ سکتا ہے

CENTER FOR VOLDTÆGTSOFRE
عصمت دری کی شکار خواتین کا سنٹر
عصمت دری کی شکار خواتین کے سنٹر کے ہاں آپ مشورہ اور رہنمائ حاصل کر سکتے ہیں ۔ یہاں آپ ماہرنفسیات سے بھی گفتگو کر سکتے ہیں ۔ آپ **www.voldtaegt.dk** پرمزید پڑھ سکتے ہیں

بچوں اور نوجوانوں کے لیے ٹیلیفون مشاورت
اگر وقوعہ کے حوالے سے آپ کو کسی سے گفتگو کرنے کی حاجت ہو تو آپ بچوں اور نوجوانوں کے لیے SISO کی ٹیلیفون مشاورتی لائن پر ٹیلیفون کر سکتے ہیں ۔ SISO بچوں کے خلاف جنسی تشدد کے سلسلے میں سماجی تگ و دو کا قومی معلوماتی سنٹر ہے ۔ آپ ان سے ہر امر کے بارے میں گفتگو کر سکتے ہیں اور ٹیلیفون کرتے وقت ضروری نہیں کہ آپ اپنی شناخت کروائیں

ٹیلیفون نمبر 20771120 ہے
آپ **www.siso-boern.dk** پرمزید پڑھ سکتے ہیں

BØRNS VILKÅR
بچوں کی ٹیلیفون لائن
Børnetelefonen پرآپ اپنے پریشانیوں، مسائل اور خیالات کے حوالے سے ایک مشیر سے گفتگو کر سکتے ہیں ۔ ٹیلیفون کرتے وقت ضروری نہیں کہ آپ اپنی شناخت کروائیں ۔ آپ Børnebrevkassen کو خط ارسال کر سکتے ہیں یا Børnechatten پر ایک مشیر سے بات کر سکتے ہیں ۔ ٹیلیفون نمبر 116111 ہے
آپ **www.bornsvilkar.dk** پرمزید پڑھ سکتے ہیں

دوچار افراد کے لیے مشاورتی ادارہ
Offerrådgivningen کے ہاں افراد آپ کی ایک اچھے ماہرنفسیات یا دوسری طرح کی مدد تلاش کرنے کے سلسلے میں مدد کر سکتے ہیں ۔ ان سے بھی آپ اپنی شناخت ظاہر کیے بغیر گفتگو کر سکتے ہیں ۔ ہر پولیس کے علاقے میں یہ ادارہ موجود ہوتا ہے
آپ **www.offerraadgivning.dk** پرمزید پڑھ سکتے ہیں

ERSTATNINGSNÆVNET
ہرجانے کا بورڈ
دوچار جرم کے نتیجے میں آپ حکومت سے ہرجانہ حاصل کر سکتا ہے ۔ ہرجانے کے بورڈ کے بارے میں آپ www.erstatningsnaevnet.dk پرمزید پڑھ سکتے ہیں

FORENING FOR VOLDSOFRE
تشدد کے شکار افراد کی مدد کی تنظیم
آپ Landsforeningen Hjælp Voldsofre یعنی تشدد کے شکار افراد کی مدد کی قومی تنظیم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں ۔ یہ ایک پرائیوٹ تنظیم ہے جو مختلف طرح کی مدد، رہنمائ اور مشاورت کی پیشکش کرتی ہے
تنظیم کی پیشکش کے بارے میں آپ **www.voldsofre.dk** پرمزید پڑھ سکتے ہیں

Rigsadvokaten
سرکاری وکیل استغاثه
Frederiksholms Kanal 16
1220 København K

www.anklagemyndigheden.dk

RIGSADVOKATEN

REDAKTØR: MIKKEL THASTUM · DESIGN OG PRODUKTION: KAREN CHRISTENSEN DESIGN · TRYK: PRINFOHOLBÆK-HEDEHUSENE-KØGE